**10.08.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

**Music**

..............................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کیرالہ کے وائناڑ ضلع میں چٹانوں کے ٹکڑے گرنے سے متاثرہ علاقوں میں راحت اور بازآبادکاری کی کوششوں کا جائزہ لیا۔ وزیر اعظم نے ریاستی سرکار کو ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو Timor Leste کے اعلیٰ ترین سویلین ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا ہے۔

☆ امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے Ethanol کی پیداوار کے تعلق سے کثیر رُخی اور مستقبل کو ذہن میں رکھتے ہوئے حکمت عملی اختیار کئے جانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

☆ غزہ میں ایک اسکول اور مسجد پر اسرائیل کے حملے میں کم از کم 93 فلسطینی مارے گئے ہیں۔

☆ بنگلہ دیش کی سپریم کورٹ کے چیف جسٹس عبیدالحسن نے احتجاج کرنے والے طلبا کے دباؤ کے تناظر میں استعفیٰ دے دیا ہے۔

☆ اور پیرس اولمپکس میں کُشتی میں خواتین کے 76 کلوگرام کے فری اسٹائل زمرے میں Reetika Hooda کوارٹر فائنل میں کرغزستان کی نمبر ایک کھلاڑی سے ہار گئی ہیں۔

..............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Kerala PM***

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کیرالہ کے وائناڑ ضلع میں چٹانوں کے ٹکڑے گرنے سے متاثرہ علاقوں میں راحت اور بازآبادکاری کی کوششوں کا جائزہ لیا۔ جناب مودی نے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور زندہ بچ جانے والے افراد سے ملاقات کی۔ اس کے بعد وائناڑ ضلع کلکٹریٹ میں ایک جائزہ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ پورا ملک اور مرکزی سرکار چٹانوں کے ٹکڑے گرنے سے متاثرہ لوگوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ جناب مودی نے ریاستی سرکار کو راحت کوششوں میں ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔

S/B 2100 PM Wayanad

وزیر اعظم نے کیرالہ کے وزیر اعلیٰ Pinarayi Vijayan پر زور دیا کہ وہ ریاست کی ضروریات کے بارے

میں ایک تفصیلی عرضداشت بھیجیں جس پر موافقانہ انداز سے غور کیا جائے گا۔ ریاست کے چیف سکریٹری ڈاکٹر V. Venu نے چٹانوں کے ٹکڑے گرنے سے متاثرہ علاقوں کی تعمیر نو اور متاثرہ لوگوں کی بازآبادکاری کیلئے مرکزی سرکار سے درکار مدد کے بارے میں وزیر اعظم کو جانکاری دی۔x

**ADD Prez Timor**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کو آج Dili میں صدارتی محل میں Timor Leste کے صدر Jose Ramos Horta نے اعلیٰ ترین سول ایوارڈ Grand Collar of Order of Timor Leste سے سرفراز کیا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے وہاں کے صدر Horta اور وزیر اعظم Gusmao کے ساتھ باہمی اشتراک پر بات چیت کی۔ اپنے ہم منصب کے ساتھ دو طرفہ تبادلہ خیال کے بعد نامہ نگاروں سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ بھارت اور Timor Leste کا دوستی کا مضبوط رشتہ ہے اور جمہوریت کے تئیں اُن کا یکساں عہد ہے۔

S/B 2100 Prez Droupadi Murmu

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے وہاں کے وزیر اعظم Gusmao کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کی، جس میں پرسار بھارتی اور Timor Leste کے ریڈیو ٹیلی ویژن کے درمیان اشتراک، سرکاری اور سفارتی پاسپورٹ رکھنے والے اہلکاروں کیلئے ویزا کی ضرورت ترک کرنے اور ثقافتی تبادلے کے پروگرام کے شعبے میں تعاون سے متعلق مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیا گیا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے Timor Leste کے صدر Ramos Horta کے زیر اہتمام The Horta Show میں شرکت کی۔ انھوں نے Dili میں ایک شہری استقبالیہ میں وہاں رہنے والے بھارت نژاد افراد اور Friends of India کے ساتھ گفتگو کی۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ دونوں ملکوں نے جمہوریت کے تئیں اپنے مشترکہ عہد اور ترقی پذیر اور کم ترقی یافتہ ملکوں کی تشویش اجاگر کرنے کے اپنے عزم کو دوہرایا۔

V/C—Sri Sai

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ایک غیر رسمی عوامی بات چیت میں شرکت کی، جس کی میزبانی، Timor Leste کے صدر نے کی تھی، جس میں دونوں صدور نے اِس بارے میں بات چیت کی کہ کیسے صدر مرمو، ایک عام گھرانے سے تعلق رکھتی ہیں اور پھر وہ دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کی صدر بنیں۔

بعد میں وہاں آباد بھارتی برادری سے خطاب کرتے ہوئے صدر مرمو نے کہا کہ دنیا بھر میں آباد بھارتی شہریوں نے واسو دھیو کٹمبکم کی خصوصیات کو نمایاں کیا اور اُس ملک کی ترقی کا حصہ بنے، جس میں وہ رہ رہے ہیں۔ انھوں نے Timor Leste کی ترقی میں اشتراک کیلئے بھارتی برادری کی ستائش کی۔

بھارت نے آئندہ مہینوں میں آسیان میں Timor Leste کی شمولیت کا خیر مقدم کیا اور Timor Leste نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں بھارت کی مستقل رکنیت کیلئے اپنی حمایت اعادہ کیا۔

Timor Leste سے سری سائی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## Shah Ethanol

امداد باہمی اور داخلی امور کے مرکزی وزیر امت شاہ نے گنّے سمیت مکئی، ٹوٹے ہوئے چاول، بچے کھچے پھل اور بانس جیسے ذرائع کا استعمال کرکے ایتھنول کی پیداوار کی خاطر کثیر رخی اور مستقبل کیلئے طریقۂ کار اختیار کرنے پر زور دیا ہے۔

2100- Amit Shah- Biofuel Alliance

آج نئی دلّی میں چینی سے متعلق کوآپریٹو فیکٹریوں کی قومی فیڈریشن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ ایتھنول کی پیداوار ایک منافع بخش اور پھلنے پھولنے والا کاروبار ہے اور آئندہ کچھ برسوں میں ملک کو ایک ہزار کروڑ لیٹر ایتھنول کی ضرورت ہوگی۔ جناب شاہ نے کہا کہ حکومت نے 2030 تک پیٹرول میں 20 فیصد ایتھنول کی آمیزش کا ہدف رکھا ہے۔ x

## FM RBI CBD Meeting

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے بینکوں کی جانب سے بنیادی بینک کاری پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ آج نئی دلّی میں بھارتی ریزرو بینک کے مرکزی بورڈ کے ڈائریکٹروں کے ساتھ میٹنگ کے بعد میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے یہ بات کہی۔ انھوں نے بینکوں سے اپنے اصل کاروبار کو ترجیح دینے کو کہا، جو رقومات کا انتظام کرنا اور قرض فراہم کرنا ہے۔

2100- Nirmala Sitharaman- core Busin

RBI کے گورنر شکتی کانت داس، جو اِس میٹنگ میں موجود تھے، انھوں نے کہا کہ بینک شرحِ سود طے کرنے کیلئے آزاد ہیں کیونکہ انھوں نے مطلع کیا کہ جمع رقم اور قرض فراہم کرنے کی شرح سود پر بندشیں نہیں ہیں۔ x

## PM Crops Release

وزیر اعظم نریندر مودی کل نئی دلّی میں فصلوں کی 109 اقسام جاری کریں گے، جو زیادہ پیداوار والی، آب وہوا کی تبدیلی کا سامنا کرنے والی اور زیادہ تغذیہ بخش ہوں گی۔ اِس پروگرام کے دوران وزیر اعظم کسانوں اور سائنسدانوں سے گفتگو بھی کریں گے۔

وزیر اعظم کے دفتر نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ جو 109 اقسام جاری کی جائیں گی، اُن میں 34 ایسی زرعی فصلیں ہیں جن کی کاشت وسیع علاقے میں کی جاتی ہے جبکہ 27 باغبانی فصلیں شامل ہیں۔x

## TV Somanathan

تقرر سے متعلق کابینہ کمیٹی نے آج کابینہ سکریٹری کی حیثیت سے ٹی وی سومناتھن کے تقرر کو منظوری دے

دی۔ اُنہیں اِس عہدے پر دو سال کیلئے مقرر کیا گیا ہے اور وہ اِس مہینے کی 30 تاریخ سے یہ ذمے داری سنبھالیں گے۔ جناب سومناتھن تمل ناڈو کیڈر کے 1987 بیچ کے IAS افسر ہیں۔ مذکورہ کمیٹی نے کابینہ سکریٹیریٹ میں OSD یعنی آفیسر آن اسپیشل ڈیوٹی کی حیثیت سے جناب سومناتھن کے تقرر کو بھی منظوری دی ہے۔x

## NIDM Workshop

قدرتی آفات سے پیدا حالات سے نمٹنے کے شعبے سے متعلق قومی ادارے نے ایک روزہ قومی ورکشاپ کا اہتمام کرکے خلا سے متعلق پہلا قومی دن منایا۔ اِس میں قدرتی آفات سے نمٹنے کی صورت میں خلائی تکنیک پر توجہ مرکوز کی گئی۔

قدرتی آفات سے پیدا حالات سے نمٹنے سے متعلق قومی اتھارٹی اور امور داخلہ کی وزارت کے اشتراک سے اِس ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا۔ اِس میں 300 سے زیادہ مندوبین نے اِس شعبے میں خلائی تکنیک کے رول پر تبادلہ خیال کیا۔x

## Nepal MEA NSIL Sing MoU

نیپال کے Munal سیٹلائٹ کو خلا میں چھوڑنے کیلئے گرانٹ کی شکل میں امداد کے مقصد سے بھارت کی وزارت خارجہ اور نیو اسپیس انڈیا لمیٹڈ کے درمیان ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے گئے ہیں۔ امید ہے کہ اِس سیٹلائٹ کو نیو اسپیس انڈیا لمیٹڈ کے خلائی راکٹ کے ذریعے جلد ہی چھوڑا جائے گا۔ اِس کا مقصد کرۂ ارض کی سطح پر مختلف طرح کے پودوں کے تعلق سے Database تیار کرنا ہے۔

وزارتِ خارجہ میں جوائنٹ سکریٹری انوراگ سریواستو اور نیو اسپیس انڈیا لمیٹڈ کے ڈائریکٹر اروناچلم نے اِس مفاہمت نامے پر دستخط کئے۔ اس موقع پر نیپال کی سائنس اور ٹیکنالوجی کی اکیڈمی کے سکریٹری ڈاکٹر رابندر پرساد Dhakal، نیپال کے سفارتخانے کے ناظم الامور ڈاکٹر سریندر تھاپا اور نیپال کے Antarikchya Pratishan کے بانی ڈاکٹر آبھاس Maskey بھی موجود تھے۔x

## Mumbai Chairman of Prasar Bharti Board

پرسار بھارتی بورڈ کے چیئرمین جناب نونیت کمار سہگل نے آج ممبئی میں آکاشوانی کا دورہ کیا۔ پرسار بھارتی بورڈ کے چیئرمین، ممبئی کے دو روزہ دورے پر ہیں، جس میں وہ آکاشوانی اور دور درشن کے عہدیداران کے ساتھ میٹنگیں کریں گے۔ جناب سہگل نے آج صبح آکاشوانی کے عہدیداروں سے ملاقات کی۔ میٹنگ کے دوران انھوں نے حکام کو پروگرام ترتیب دیتے وقت سامعین کی دلچسپی کو ملحوظ خاطر رکھنے کا مشورہ دیا۔ اِس بات کا ذکر کرتے ہوئے کہ ملک بھر میں آکاشوانی کی رسائی زیادہ ہے، انھوں نے عہدیداران کی اِس بات کیلئے حوصلہ افزائی کی کہ وہ خواتین، نوجوانوں اور کسانوں سمیت مختلف سامعین کیلئے پروگرام تیار کریں۔x

## IAF UDARA Shakti

بھارتی فضائیہ کا دستہ، ملیشیا کے Kuantan میں مشق Udara Shakti 2024 میں کامیابی کے ساتھ شرکت کرنے کے بعد آج وطن واپس آ گیا۔ ملیشیا کی رائل ایئر فورس کے ساتھ اشتراک میں اِس مشترکہ فوجی مشق کا اہتمام، اِس ماہ کی 5 سے 9 تاریخ تک کیا گیا تھا۔ وزارت دفاع نے کہا ہے کہ فضائیہ کے اِس مشق کے دوران بھارتی فضائیہ کے Su-30MKI لڑاکا طیاروں نے رائل ملیشین ایئر فورس کے Su-30MKM طیاروں کے ساتھ فضا میں کارروائی میں حصہ لیا۔ اِس مشق کا اصل مقصد دونوں ملکوں کی فضائیہ کی کارروائی کو مؤثر بنانے اور تکنیکی مہارت میں اضافے کو فروغ دینا تھا۔ x

## Israel Hamas

غزہ میں ایک اسکول اور ایک مسجد پر اسرائیل کے حملے میں کم از کم 93 فلسطینی مارے گئے ہیں۔ وہاں بے گھر لوگوں نے پناہ لے رکھی تھی۔ غزہ کی سول دفاعی ایجنسی کے مطابق مشرقی غزہ شہر میں یہ حملہ اُس وقت کیا گیا، جب لوگ فجر کی نماز ادا کر رہے تھے۔ غزہ کی سول دفاعی ایجنسی کے ترجمان محمود Basal نے بتایا کہ اُنہیں کم از کم 90 افراد کی لاشیں مل گئی ہیں جنہیں ہلاک کیا گیا ہے۔ اسرائیل کی دفاعی افواج نے یہ کہتے ہوئے حملے کی تصدیق کی ہے کہ اِس مقام سے حماس تنظیم اپنی سرگرمیاں چلا رہی تھی۔x

## Rev. Bangladesh Chief Justice Resign

بنگلہ دیش کے چیف جسٹس عبید الحسن نے عدلیہ کو نئے سرے سے فعال بنانے کی خاطر مظاہروں کے پیش نظر استعفیٰ دے دیا ہے۔ بنگلہ دیش کے قانون، انصاف اور پارلیمانی امور کے مشیر آصف Nazrul نے آج سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ چیف جسٹس نے استعفیٰ دے دیا ہے اور استعفیٰ نامہ پہلے ہی قانون کی وزارت پہنچ چکا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ استعفیٰ نامہ بغیر کسی تاخیر کے ضروری کارروائی کیلئے صدر کو بھیجا جائے گا۔ چیف جسٹس کے استعفے کا فیصلہ آج صبح طلباء کے احتجاج کے بعد سامنے آیا ہے۔ x

## Russia Ukrain

Kursk میں یوکرین کے حملے کے جواب میں روس نے یوکرین کی سرحد سے متصل Kursk، Belgorod اور Bryansk کے خطوں میں دہشت گردی مخالف اقدامات کئے ہیں۔ میڈیا اطلاعات کے مطابق دہشت گردی کی روک تھام سے متعلق قومی کمیٹی نے جو اقدامات کئے ہیں اُن میں وہاں کے باشندوں کو ممکنہ طور پر منتقل کرنا، مخصوص علاقوں میں ٹرانسپورٹ پر بندشیں، اہم مقامات کے اطراف سکیورٹی سخت کرنا اور ٹیلیفون اور دیگر مواصلاتی نظام کی Wiretapping شامل ہے۔

بیان میں کہا گیا ہے کہ کئی خطوں میں غیر مستحکم حالات پیدا کرنے کی یوکرین کی بھرپور کوشش کے تناظر میں یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔

روس کی وزارتِ دفاع نے کہا ہے کہ وہ یوکرین کی فوج کو لگاتار پسپا کر رہی ہے اور یہ دعویٰ بھی کیا ہے کہ یوکرین کی فوج کے 280 سے زیادہ اہلکار مارے گئے ہیں۔x

## Olympics

پیرس اولمپکس میں بھارت کی کُشتی کھلاڑی Reetika Hooda خواتین کے 76 کلو گرام فری اسٹائل زمرے کے کوارٹر فائنل میں کرغستان کی اعلیٰ درجے کی کھلاڑی Medet Kyzy Aiperi سے ہار گئی ہیں۔ اب تمغے کیلئے Reetika کو repechage راؤنڈ پر انحصار کرنا ہوگا۔

گولف میں ادتی اشوک اور Diksha Dagar، آج خواتین کے مقابلے فائنل راؤنڈ میں اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گی۔ اب تک بھارت ، پیروس اولمپکس میں کُل 6 تمغے جیت چکا ہے، جن میں چاندی کا ایک کانسے کے پانچ تمغے شامل ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆